© rasailojaraid.com



کہ اگر زبان کو افادی حیثیت سے کوئی نقصان نہ پہنچے تو نام کے جھگڑے میں پڑنے کی چنداں ضرورت معلوم نہیں ہوتی اور لفظ ہندوستانی اس کے لیے موزوں ترین نام ہے۔

**جامع الآداب** | مولوی عبد الرحیم صاحب مولوی فاضل و منشی فاضل۔ قیمت مجلد ۱۲؍ ۔ غیر مجلد ۱؍ قومی کتب خانہ۔ ریلوے روڈ۔ لاہور

یہ عربی کتاب آداب المتعلمین کا ترجمہ ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ طالب علموں کو شائستہ آداب و اخلاق کے زیور سے آراستہ کیا جائے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس زمانہ میں جہاں تعلیمی نصاب بدل گیا ہے تعلیمی نصب العین بھی اگلے وقتوں سے بہت مختلف ہے اور اخلاق و آداب کی تو وہ مٹی پلید ہوئی ہے کہ استغفر اللہ۔ اگر جامع الآداب ایسی کتابوں کی عام اشاعت ہو تو بہتر ہے۔ جہاں تک اس کے نفس مضمون کا تعلق ہے کتاب مذکور میں اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں۔ لیکن ترجمہ میں الفاظ کی ثقالت طالب علموں کے لیے یقیناً حوصلہ شکن ہوگی۔ اگر فاضل مترجم تطہیر، تنظیف، فقر الدم، کابوس، مشروبات وغیرہ وغیرہ الفاظ استعمال نہ کرتے تو بہتر ہوتا۔ اُن کے بجائے عام فہم اور آسان لفظ زبان میں مل سکتے ہیں امید ہے کہ جب یہ کتاب دوسری بار شائع کی جائیگی تو اس نقص کو رفع کرنے کی جانب ضرور توجہ دیجائیگی۔

© rasailojaraid.com